FBR PAKISTAN
Revenue Division
Federal Board of Revenue
Government of Pakistan

# BARAMDAT ASAAN SCHEMES



FBR HELPLINE
051 111 772 772
www.fbr.gov.pk

# Baramdat Asaan Schemes

Government of Pakistan has taken a number of steps to boost Pakistan's exports. In order to facilitate exporters and increase competitiveness of country's exports in the international market, the Federal Board of Revenue has simplified and automated various export facilitation regimes. The schemes that currently exist give wide-ranging choices to the exporters, which they can avail depending upon the nature of their businesses and convenience. These regimes facilitate our main export sectors like textile, leather goods, sports goods, surgical goods, carpets, footwear, engineering goods, metal products etc, in particular. End to end automation of these schemes have been ensured. Exporters can file their applications sitting in their offices. The processing of application, imports, exports, and all related functions are available online. This has resulted in very quick processing and promoted ease of doing business and minimized the human interaction between exporters and the government functionaries.

In all these schemes, duties and taxes on imported goods which are used for goods to be exported are exempted from payment of duties and taxes against certain conditions. Manufacturers-cum-exporters as well as commercial exporters can avail these schemes. In these schemes, all processes from filing of export application to the stage of final export, have been automated and businessman is not required to visit any office. A brief of the available facilitations schemes is as follows:

**(a) Manufacturing Bonds Scheme - Chapter XV of SRO 450(I)/2001 dated 18.06.2001:**

The scheme allows manufacturer-cum-exporters to import duty free inputs for subsequent export of value added products. They are required to operate in a licensed customs bonded area. The licensee is required to obtain a certificate called "Analysis Certificate" which allows him to import duty free inputs as per Analysis Certificate. Application of this certificate is also filed online and approval granted online. To further facilitate exporters under this scheme, up to 40 percent of manufactured goods can be sold in the local market after payment of duty and taxes.

Manufacturer has the facility to check any time the status of his imported materials, balance quantities and the quantity of goods already exported.

**(b) Export Oriented Units (EOU) and Small and Medium Enterprises Rules - SRO 327(I)/2008 dated 29.03.2008:**

In the exports facilitation regimes, this scheme is the most frequently used by manufacturers cum exporters. This scheme, not only allows import of duty and tax free input materials but at the same time allows duty and tax free import of plant, machinery, equipment, apparatus, including capital goods. Besides raw materials, accessories, sub-components, components, assemblies, sub-assemblies, this scheme also allows duty and tax free import of coal, diesel, gas, furnace oil, coke of coal and carbon blocks used in the manufacture of output goods. All types of input and output ratios are made available on the system, resultantly credit and debit of material is also done online which greatly facilitates exporters at the time of import as well as export. Exporters can engage the services of vendors. Moreover, exporters in this schemes can supply their goods to other exporters availing such facilities like Export Oriented Unit, Manufacturing Bond and Duty and Tax Remission for Export. Exporters in this scheme are allowed to sell up to 20 percent of their goods in the local market on payment of duty and taxes.

**(c) Duty & Tax Remission for Exports (DTRE) Scheme - Sub-Chapter 7 of Chapter XII of SRO 450(I)/2001 dated 18.06.2001:**

The salient features of this scheme are that since no payment of duties / taxes are charged at import stage, thus there is no duty drawbacks/refund at export stage. This facility is available on imported inputs, locally purchased duty / tax-paid goods and taxable/excisable services including gas, electricity, diesel, furnace oil, coal and cock of coal. This scheme can be availed by wide number of businessmen i.e. Sales Tax registered exporters, commercial exporters, contracted vendors of foreign manufacturers and persons engaged in value-addition in export goods and also covers supplies made against international tenders, Export Processing

Zones, projects entitled to duty/tax-free inputs and supplies made by indirect to direct exporters. All functionalities have been made available online.

**(d) Temporary Importation Scheme - SRO 492(I)/2009 dated 13.06.2009:**

This scheme entails suspension / exemption from duties/taxes for import of accessories used for manufacturing of exportable goods. This facility is also available to duty-free imports of components / sub-components for assembly of machinery, electrical / electronic equipment, bicycles, aluminium ware, steel ware, kitchen utensils, surgical instruments, toys, decorative items, stationery items, etc. meant for exports. This scheme is the easiest as compared to other facilitation schemes. At import stage an Indemnity Bond and Post Dated Cheque is submitted which are released after exports.

**(e) Establishment of Export Processing Zones - Sub-Chapter 3 of Chapter XII of SRO 450(I)/2001 dated 18.06.2001:**

The Export Processing Zones are established with the objective of boosting industrialization and augmenting country's exports by creating facilities for investors in order to enable them to set up export oriented units which would, as a consequence, create job opportunities, bring in new technology and know-how and attract foreign investment. All types of goods including machinery, equipment, materials can be imported duty and tax free. Local sales of upto 20 percent has also been allowed. Investors at Export Processing Zones can avail facilities of vendors in the Customs tariff area.

**Contacts for further information:**

| | | |
|---|---|---|
| FBR Helpline (National) | : | **051 111772772** |
| FBR Helpline (International) | : | **+92 51 111772772** |
| Email | : | **helpline@fbr.gov.pk** |
| Website | : | **fbr.gov.pk** |

ریوینیو ڈویژن
فیڈرل بورڈ آف ریوینیو
حکومت پاکستان

FBR
PAKISTAN

# برآمدات آسان سکیمز



FBR HELPLINE
051 111 772 772

www.fbr.gov.pk

# برآمدات آسان سکیمز

حکومت پاکستان نے ملک کی برآمدات کوفروغ دینے کے لئے بہت سے اقدامات کئے ہیں۔ برآمدکنندگان کوسہولتیں فراہم کرنے اورملکی برآمدات کوعالمی سطح پرفروغ دینے کے لئے فیڈرل بورڈ آف ریونیو نے مختلف سکیموں کوآسان اور خودمختار بنا دیا ہے۔ موجودہ جاری سکیمیں برآمدکنندگان کو اپنی کاروباری نوعیت اورسہولت کے تحت ان سکیموں کو استعمال کرنے کے وسیع مواقع فراہم کرتی ہیں۔ یہ سکیمیں ٹیکسٹائل، چمڑے کی اشیاء، کھیلوں کا سامان، سرجیکل آلات، قالین، جوتے، انجینئرنگ کی مصنوعات اور دھات سے بنی اشیاء جیسی بڑی برآمدات کے لئے خاص طور پر سہولتیں فراہم کرتی ہیں۔ ان سکیموں کومکمل طور پرخودمختار بنا دیا گیا ہے۔ برآمدکنندگان اپنے دفتر میں ہی بیٹھ کر اپنی درخواستیں دائر کرسکتے ہیں۔ درخواست دینے سے لے کراشیاء کی درآمد و برآمد تک تمام امورآن لائن مہیا کر دیئے گئے ہیں۔ جس کے نتیجے میں کاروبار کرنا آسان بنا دیا گیا ہے اورسرکاری اداروں اور برآمدکنندگان کے درمیان انسانی مداخلت کم سے کم ہوگئی ہے۔

ان تمام سکیموں کے تحت برآمدی مال تیارکرنے کے لئے درآمدکنندہ اشیاء کوچندشرائط کے ساتھ ڈیوٹی اورٹیکسز سے مستثنٰی قرار دے دیا گیا ہے۔ اشیاء کے تیارکرنے کے بعد برآمدکرنے والے تاجرحضرات اورتجارتی برآمدکنندگان ان سہولتوں سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ ان تمام سکیموں میں تمام کارروائی یعنی برآمداتی درخواست سے لے کراشیاء کی برآمد تک سارے نظام کوخودکار کر دیا گیا ہے اور کاروباری حضرات کواب کسی دفتر کے چکرلگانے کی ضرورت نہیں۔ موجودہ سہولیاتی سکیموں کامختصر جائزہ درج ذیل ہے:۔

## (الف) مینوفیکچرنگ بانڈ سکیم - باب نمبر15، ایس آراونمبر450(I)/2001 مورخہ 18.06.2001:

اس سکیم کے تحت اشیاء بنا کر برآمدکرنے والے تاجرحضرت برآمدی مال کی تیاری کے لئے ڈیوٹی فری اشیاء درآمد کرنے کے مجاز ہیں۔ اس کے لئے انہیں باقاعدہ اجازت یافتہ کسٹم بانڈڈ ایریا میں "Analysis"، سرٹیفکیٹ حاصل کر کے کام کرنا ہوگا جس کے بعد وہ ڈیوٹی فری اشیاء درآمدکرنے کے مجاز ہونگے۔ اس سرٹیفکیٹ کے حصول کے لئے آن لائن درخواست اورآن لائن منظوری کی سہولت موجود ہے۔ اس سکیم کوزیادہ پرکشش بنانے کے لئے تیارشدہ مال کا چالیس فیصد تک ڈیوٹی ٹیکس کی ادائیگی کے بعد مقامی مارکیٹ میں بھی فروخت کرنے کی اجازت دی گئی ہے۔ تیارکنندہ

کو کسی بھی وقت اپنے درآمدی مال، بچے ہوئے مال اور پہلے سے برآمد شدہ مال کی تفصیلات آن لائن چیک کرنے کی سہولت بھی مہیا ہے۔

## (ب) ایکسپورٹ اورینٹڈ یونٹ (EOU) اور چھوٹے اور درمیانے درجے کی انٹرپرائزز کے لئے قانون - SRO 327(I)/2008 مورخہ 29.03.2008 :

مختلف برآمداتی سکیموں میں سے برآمدکنندگان اس سکیم کا سب سے زیادہ استعمال کر رہے ہیں۔اس سکیم کے تحت نہ صرف اشیاء کی تیاری کے لئے استعمال ہونے والا خام مال بلکہ پلانٹ، مشینری اور آلات بھی ڈیوٹی فری درآمد کئے جا سکتے ہیں۔اس سکیم کے تحت مال کی تیاری کے لئے کوئلہ، ڈیزل، گیس، فرنس آئل، کوک آف کول اور کاربن بلاکس بھی ڈیوٹی اور ٹیکس فری درآمد کئے جا سکتے ہیں۔تمام اشیاء کی درآمد و برآمد کے تناسب کا مکمل حساب سسٹم میں مہیا کر دیا جاتا ہے۔ اس سہولت کے تحت برآمدکنندگان کو درآمدات برآمدات کا حساب رکھنے میں بہت آسانی میسر ہوگئی ہے۔ برآمدکنندگان کو اپنی اشیاء کے لئے وینڈرز (vendors) کی سہولت بھی حاصل ہے۔مزید برآں اس سکیم کے تحت برآمدکنندگان اپنی اشیاء ایسے دوسرے برآمدکنندگان کو بیچ کر سکتے ہیں جو کہ ای او یو (EOU)، مینوفیکچرنگ بانڈ یا ڈی ٹی آر ای (DTRE) کی سکیمیں استعمال کر رہے ہوں۔اس سکیم کے تحت برآمدکنندگان کو یہ بھی اجازت ہے کہ اپنا بیس فیصد تک مال ڈیوٹی اور ٹیکسز کی ادائیگی کے بعد مقامی مارکیٹ میں فروخت کر سکیں۔

## (پ) ڈی ٹی آر ای سکیم - باب 12 کا ذیلی باب 7 : SRO 450(I)/2001 مورخہ 18.06.2001

اس سکیم کے نمایاں خدوخال یہ ہیں کہ اس سکیم کے تحت چونکہ درآمدی سطح پر کوئی ڈیوٹی یا ٹیکس ادا نہیں کرنا پڑتے اس لئے مال کی برآمد کے موقع پر کوئی ریفنڈ یا ڈیوٹی ڈرابیک کی ضرورت نہیں ہے۔یہ سہولت درآمدی اشیاء، مقامی طور پر ڈیوٹی ٹیکس ادا کر کے خریدی جانے والی اشیاء اور گیس، بجلی، ڈیزل، فرنس آئل، کوئلہ اور کوک آف کول جیسی قابل ٹیکس اشیاء پر بھی حاصل ہے۔اس سکیم سے نہ صرف کارخانہ دار فائدہ اٹھا سکتے ہیں بلکہ عام کاروباری حضرات جن کے پاس مال برآمد کرنے کا پکا معاہدہ موجود ہو، وہ بھی استفادہ کر سکتے ہیں۔اس سکیم کے تحت برآمدکنندگان اپنا تیار کردہ مال بین الاقوامی ٹینڈر، ایکسپورٹ پروموشن زونز اور بلواسطہ یا بلاواسطہ برآمدکنندگان کو مہیا کر سکتے ہیں۔ یہ تمام سہولتیں آن لائن دستیاب ہیں۔

(ت) عارضی درآمدی سکیم - SRO 492(I)/2009 مورخہ 13.06.2009

اس سکیم سے کارخانہ دار حضرات برآمدی اشیاء میں استعمال ہونے والی چیزیں جیسا کہ بٹن، زپر، ٹیگ، لیبلز اور دوسری اشیاء وغیرہ منگوا سکتے ہیں جو کہ کچن میں استعمال ہونے والے برتن، سرجری کے آلات، ملبوسات، کھلونے، زیبائشی اشیاء اور سٹیشنری وغیرہ کے بنانے اور برآمد کرنے میں استعمال ہوتی ہیں۔ یہ سکیم دیگر سکیموں کی نسبت زیادہ آسان اور پرسہولت ہے۔ اشیاء کی درآمد کے وقت ایک انڈمنٹی بانڈ اور پوسٹ ڈیٹڈ چیک جمع کرانا ہوتا ہے جو کہ اشیاء کی برآمد کے بعد واپس کر دیا جاتا ہے۔

(ج) ایکسپورٹ پراسیسنگ زون - باب 12 کا ذیلی باب 3 - SRO 450(I)/2001 مورخہ 18.06.2001

ایکسپورٹ پراسیسنگ زون کے قیام کا مقصد صنعتکاری کے فروغ اور ملکی برآمدات بڑھانے کے لئے سرمایہ کار کو سہولیات کی فراہمی ہے تا کہ وہ نہ صرف اشیاء کی برآمد کے لئے زیادہ سے زیادہ کارخانے لگا سکیں بلکہ اس کے نتیجے میں ملازمتوں کے مواقع پیدا ہوں اور ملک میں نئی ٹیکنالوجی بھی آئے۔ ایکسپورٹ پراسیسنگ زونز کو ایک علیحدہ علاقہ شمار کیا جاتا ہے اور ملک کے بہت سارے قوانین جو ٹیرف ایریا میں لاگو ہیں، ایکسپورٹ پراسیسنگ زونز پر لاگو نہیں ہوتے۔ اس سکیم کے تحت تمام اشیاء بشمول مشینری اور آلات ڈیوٹی اور ٹیکس فری درآمد کی جا سکتی ہیں۔ ایکسپورٹ پراسیسنگ زونز سے ٹیرف ایریا میں تجارت کی سہولت بھی دی گئی ہے۔ اس سکیم کے تحت بیس فیصد تک اشیاء کی مقامی سطح پر فروخت کی اجازت بھی دی گئی ہے۔


مزید معلومات کے لئے رابطہ کریں:۔

ایف بی آر ہیلپ لائن (مقامی) : 051 111772772

ایف بی آر ہیلپ لائن (بین الاقوامی) : +92 51 111772772

ای میل : helpline@fbr.gov.pk

ویب سائٹ : fbr.gov.pk